# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## شعبہ سیرت سٹڈیز، کلیۂ عربی وعلومِ اسلامیہ

**وارننگ**

عزیز طلبہ !آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ :

1۔اپنی امتحانی مشق میں اگر آپ کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں۔خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

2۔کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی "مواد کی چوری "Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**مشقیں جمع کرانے کا اوقات نامہ**

| 6 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ | 3 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ |
|---|---|---|---|
| مشق نمبر 1 | 15-12-2026 | -- | -- |
| مشق نمبر 2 | 08-01-2027 | مشق نمبر 1 | 08-01-2027 |
| مشق نمبر 3 | 30-01-2027 | -- | -- |
| مشق نمبر 4 | 20-02-2027 | مشق نمبر 2 | 20-02-2027 |
| نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے | | | |

کورس: المختصر اللقدوری (241) سمسٹر: خزاں، 2026ء

سطح: میٹرک (درسِ نظامی) کریڈٹ: مکمل

**برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے**

**(ہدایات برائے میٹرک، ایف اے، بی اے پروگرامز)**

-1 تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

-2 سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

-3 مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

-4 آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

-5 غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کورس رابطہ کار

ڈاکٹر حافظ سعید الرحمن

اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ سیرت سٹڈیز

# امتحانی مشق نمبر 1

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

سوال نمبر 1- مصنف کتاب(قدوری) کے حالاتِ زندگی پر جامع نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 2- کنویں میں نجاست گرنے کی صورت میں اس کو پاک کرنے کے طریقے لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 3- موزوں پر مسح کرنے کے احکام پر جامع نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 4- نماز کی شرائط اور ارکان کا علیحدہ علیحدہ چارٹ بنائیں اور دونوں میں فرق واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر 5- عیدین کی نماز کا طریقہ، حکم اور احکام تحریر کریں۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر 2

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

سوال نمبر 1- قدروی کی روشنی میں غلہ یعنی گندم وغیرہ اور پھلوں میں عشر کے احکام تفصیلاً تحریر کریں، نیز امام اعظم ابو حنیفہؒ اور صاحبینؒ کے اختلاف کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 2- رمضان المبارک کے آخری عشرے کے اعتکاف کا حکم اور احکام تفصیلاً تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 3- احرام باندھنے سے لے کر بال مونڈھوانے یا کٹوانے تک حج کرنے کا مکمل طریقہ بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 4- ہدی کسے کہتے ہیں؟ نیز احصار پر جامع نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 5- حج کے باب میں جنایات سے کیا مراد ہے؟ نیز مختلف جنایات پہ آنے والے دَم کی تفصیل لکھیں۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر 3

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

سوال نمبر 1- بیع صرف کی تعریف اور اس کے احکام تحریر کریں نیز معاشرے میں موجود اس کی بعض صورتوں کی نشاندہی کریں۔ (20)

سوال نمبر 2- "الحجر" کی لغوی واصطلاحی تعریف کریں۔ اور مالی معاملات کے کرنے سے منع کرنے کے متعلق اسباب اور احکام پر جامع نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 3- اقرار معلوم اور اقرار مجہول کی وضاحت کریں اور اقرار سے ثابت شدہ حقوق پر قدوری کی روشنی میں مفصل نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 4- شرکۃ الصنائع اور شرکۃ الوجوہ کی تعریف کریں اور ان دونوں کے احکام پر قدوری کی روشنی میں علیحدہ علیحدہ نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 5- حوالہ، محیل، محتال اور محتال علیہ کی وضاحت کریں اور حوالہ کے اہم احکام قلمبند کریں۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر 4

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

سوال نمبر 1- المختصر اللقدوری کے "کتاب الوقف" کا بامحاورہ ترجمہ کریں۔ (20)

سوال نمبر 2- المختصر للقدوری کے "کتاب اللقیط" میں بیان کردہ مسائل واحکام اپنے الفاظ میں تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 3- المختصر للقدوری کے "باب اللقطة" کا بامحاورہ ترجمہ کریں۔ (20)

سوال نمبر 4- المختصر للقدوری کے "کتاب المأذون" کا بامحاورہ ترجمہ کریں۔ (20)

سوال نمبر 5- المختصر للقدوری کے "کتاب المزارعة" میں بیان کردہ اہم مسائل واحکام کا خلاصہ تحریر کریں۔ (20)